ہِلتا ہوا دانت

Original Publisher: Pratham Books
Author: Reshma Thapa Gurung
Illustrator: Canato Jimo
Translator: Anwar Raza

'امّی! میرا دانت ہِل رہا ہے۔"

یہ بونو کا پہلا ہِلنے والا دانت ہے۔

وہ خوش تو ہے لیکن تھوڑی

ڈری ہوئی ہے۔

"اِسے اپنی زُبان سے تھوڑا دھکیلو،
امّی نے کہا۔

بونو اسے بار
بار دھکیلتی
ہے۔

امّی کہتی ہیں، "ابھی تھوڑا وقت اور
لگے گا!" تُم انتظار کرو پھر دیکھنا یہ اپنے
آپ گِر جائے گا!"

بونو اپنے ابّو کے پاس جاتی ہے اور اُنھیں کہتی ہے، "ابّو میرا ایک دانت ہِل رہا ہے!" ابّو دھیرے سے اُس دانت کو ہِلاتے ہیں اور اُسے کہتے ہیں، "ابھی تھوڑا وقت اور لگے گا، تُم انتظار کرو، پھر دیکھنا، یہ اپنے آپ گِر جائے گا!"

لیکن بونو کو انتظار کرنا بالکل پسند نہیں!
وہ دھاگے کا ایک لمبا ٹکڑا لے کر اپنے
کمرے میں چلی جاتی ہے!

پھر وہ دھاگے کے ایک سرے کو دانت
سے اور دوسرے سرے کو دروازے
کے دستے سے باندھ دیتی ہے۔

اس کے بعد فرش پر بیٹھ کر بونو بَس انتظار کرتی ہے،
کرتی رہتی ہے اور کرتی ہی رہتی ہے۔

پھر بونو بہت دیر تک انتظار کرتے کرتے تھک جاتی ہے!
وہ دروازے کے دستے سے دھاگے کو کھول دیتی ہے اور ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے اپنے بستر پر بیٹھ جاتی ہے!

تھوڑی دیر بعد اُس کی بہن چونّوُاُس پاس آتی ہے۔ "یہ تو بہت ہی ڈراؤنی حرکت ہے،" وہ دروازے کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔"مَیں اس دھاگے کو کھینچتی ہوں اور پھر دیکھنا کیسے تمھارا دانت فوراً نکل جائے گا!"

چونّوٗ نے انگلیاں پھیر لیں۔
بونو آنکھیں بند کر کے منہ کھولتی ہے۔
"ایک، دو، تین! چونّوٗ کھینچتی ہے۔
"اوہ ہ ہ! بونو چیختی ہے۔
"ابھی تھوڑا وقت اور لگے گا!"
چونّوٗ نے کہا۔ "تُم انتظار کرو اور پھر یہ
اپنے آپ گِر جائے!"

"یہ دانت تو کبھی نہیں گِرے گا!" بونو نے کہا۔

امّی نے کہا، "جب ہم چھوٹے تھے تو ہم اپنے دانت چھَت پر پھینک دیتے تھے، اور چوہے سے اُس کے بدلے میں اپنے دانت دینے کو کہتے تھے۔ کیونکہ چوہے کے دانت بہت مظبوط ہوتے ہیں" امّی نے کہا۔

بونو دوڑ کر باہر جاتی ہے اور زور سے کہتی ہے، "چوہے، چوہے جی! دیکھو میں آپ کو اپنا بڑا مظبوط دانت پیش کرتی ہوں، اگر آپ کو یہ پسند آئے، براہِ کرم آئیے اور اِسے لے جائیے۔

اُس رات بونؤ نے خواب میں ایک بڑے چوہے کو دیکھا۔
جس نے اپنے دانتوں میں ایک چمکتی چیز کو جکڑ رکھا تھا۔
اُس نے رُک کر بونؤ کو دیکھا اور پھر جھٹ سے اپنی بِل میں
چلا گیا۔

صبح اُٹھتے ہی بونوٗ نے اپنی زُبان سے دانت کو دھکیلنے کی کوشش کی۔

لیکن وہاں کچھ تھا ہی نہیں !
کیا وہ اُسے نگل گئی تھی؟ کیا سوتے وقت کسے نے کھینچ کر اُسے نکال دیا تھا؟
وہ اب کہاں ہے؟
لو، یہاں ہے یہ تو، اُس کے تکیے کے ایک دَم پاس گرا ہوا!
بونوٗ جھٹ پٹ اپنا دانت اُٹھا کر باہر دوڑی۔

"چوہے جی، یہ میرا دانت لے لیجیے اور مجھے نیا دانت دے دیجیے۔" اُس نے زور سے کہا!

پھر اُس نے اپنا دانت چھَت پر پھینکا اور امّی کو پوری بات بتانے اندر چلی گئی!

Story Attribution:

This story: ہلتا ہوا دانت is translated by Anwar Raza . The © for this translation lies with Anwar Raza, 2023. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'The Very Wiggly Tooth', by Reshma Thapa Gurung . © Pratham Books , 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: A young girl smiling, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Woman sitting and a child nearby, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: A girl making faces, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: A girl and father in the garden, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: A girl at the door, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A girl seated on the floor, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: A bored girl on the bed, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Two girls in a room, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: A girl pulling out a tooth, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: A girl with mother and a mouse, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Page 11: A sleepng girl , by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 12: A surprised girl with unkempt hair, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 13: A girl and her father in the mountains, by Canato Jimo © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

ہِلتا ہوا دانت

(Urdu)

بونوٗ کا ہلتا ہوا دانت باہر نہیں آتا! جانیں کہ کس طرح، ہمالیائی لوک کہانی کی تھوڑی مدد سے، بونو اپنا دانت کھو دیتی ہے۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.